قومی احتساب بیورو

(اسلام آباد)

****

Dated: 6th August, 2025

پریس ریلیز

قومی احتساب بیورو (نیب) میں ایڈم اسمتھ انٹرنیشنل اور برطانوی ہائی کمیشن کے تعاون سے اینٹی منی لانڈرنگ، درپیش چیلنجز اور اُن کے حل کے موضوع پر ایک اعلیٰ سطحی سیمینار کا انعقاد کیا گیا جس میں وفاقی وزیرِ قانون و انصاف سینیٹر اعظم نذیر تارڑ بطور مہمانِ خصوصی شرکت کی اس کے علاوہ نیب کے سات علاقائی دفاتر کے آفیسرز نے بھی اس سیمینار میں بذریعہ آن لائن شرکت کی۔

سیمینار کا مقصد پاکستان میں ہونے والے مالی جرائم (منی لانڈرنگ) اور اُن کے خلاف قانون نافذ کرنے والے اداروں کی کوششوں کا جائزہ لینا اور مشترکہ طور پر اس ناسور کے خلاف اپنا لائحہ عمل طے کرنا تھا۔

وفاقی وزیر قانون نے اپنے خیالات کا اظہار کرتے ہوئے اس سیمینار کو موضوع کے اعتبار سے ایک سنگِ میل قرار دیا اور یہ کہا کہ ایسے حساس نوعیت کے معاملات میں سب سے بہتر حکمتِ عملی ایک چھت کے نیچے اکٹھے ہونا، مسائل کو زیرِ تجویز لانا اور اُن کا متفقہ طور پر حل تلاش کرنا ایک بہترین راستہ ہے۔ اُنہوں نے یہ بھی کہا کہ منی لانڈرنگ کسی بھی ملک اور اُس کی معیشت کے لیے ایک بہت بڑا چیلنج ہے اور اگر اس جرم میں ملوث ملزمان کو آہنی ہاتھوں سے نہ نمٹا گیا تو یہ صرف قومی معیشت کو تباہ کرنے بلکہ پاکستان کا چہرہ دنیا کی نظروں میں مسخ کرنے کے مترادف ہو گا۔ وفاقی وزیر نے تمام اداروں پر یہ زور دیا کہ وہ اپنی ذمہ داریوں کو پورا کرتے ہوئے شائستگی کا مظاہرہ کریں اور حتیٰ الوسع کوشش کریں کہ لوگوں کے دلوں میں ان اداروں کا احترام اور اعتماد بڑھے وفاقی وزیر نے تمام قانون ساز اداروں بالخصوص قومی احتساب بیورو کی کارکردگی کو خراجِ تحسین پیش کیا۔

تقریب میں راجہ رفعت مختار ڈی جی، سمیر ا اعظم ڈائریکٹر FIA ، عقیل احمد صدیقی FBR DG، میجر جنرل عبدالمعید DG، اسرار احمد ڈائریکٹر ANF، وسیم احمد خان ایڈیشنل آئی جی CTD، محمد جاوید اسماعیل DG FMU ، مشتاق احمد سکھیرا چیئرمین AML/CFT اور عمر ریاض چیمہ UPSCALE DIG نے بھی شرکت کی اور اپنے خیالات کا اظہار کرتے ہوئے نہ صرف اپنے اداروں کے کام اور کامیابیوں کے حوالے سے حاضرینِ محفل کو آگاہ کیا بلکہ درپیش چیلنجز کی نشاندہی کرتے ہوئے

اُن کے حل کی موثر تجاویز پیش کیں اور مزید یہ کہا کہ تمام ادارے اپنی بہترین صلاحیتوں کو بروئے کار لاتے ہوئے ارضِ پاکستان سے اِن جرائم کو ختم کر کے اپنی قومی ذمہ داریاں بھرپور طریقے سے نبھائیں گے۔

اس موقع پر ڈپٹی چیئرمین نیب سہیل ناصر نے اپنے خیالات کا اظہار کرتے ہوئے یہ بتلایا کہ تمام اداروں کو سیمینار کے ذریعے اکٹھا کرنے کا مقصد ایک دوسرے کی مہارت اور کام کرنے کے طریقے سے نہ صرف استفادہ حاصل کرنا ہے بلکہ غلطیوں کی نشاندہی کرتے ہوئے اُن کو درست بھی کرنا ہے۔

چیئرمین نیب لیفٹننٹ جنرل ریٹائرڈ نذیر احمد نے شرکاءِ سیمینار کو خوش آمدید کرتے ہوئے اس بات کا اظہار کیا کہ منی لانڈرنگ سے لڑنے کے لیے مشترکہ کوششوں کے حوالہ سے نیب نے پہلا قدم اٹھایا ہے اور اب تمام اداروں کی یہ ذمہ داری بنتی ہے کہ وہ اس قسم کی تقریبات کا وقتاً فوقتاً انعقاد کریں اور ایک دوسرے کی مہارت، تجربہ، کارکردگی اور کامیابیوں سے مستفید ہو کر اپنی اپنی استعداد اور مہارت میں اضافہ کریں۔ مزید یہ کہ اس قسم کے جرائم سے اسی صورت میں نمٹا جاسکتا ہے کہ جب تمام ادارے اکٹھے ہو کر اپنی ذمہ داریوں کو قومی مفاد میں اچھے انداز سے نبھائیں۔ چیئرمین نیب نے وفاقی وزیرِ قانون کی تقریب میں شرکت پر اُن کا خصوصی شکریہ ادا کیا اور اِس بات کا یقین دلایا کہ ملکی سلامتی اور نیک نامی کے لیے تمام ادارے مشکلات کے باوجود اپنے فرائضِ منصبی کو ادا کرنے میں کوئی کوتاہی نہ برتیں گے۔